25-Apr-12

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی تعلیم وصحت کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔انیتا غلام علی

کراچی۔(پ۔ر) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی جانب سے مستحق طلباء وطالبات میں اسکول کورس اور سال بھر کی تعلیمی فیس دینے کی پہلی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ممتاز ماہر تعلیم ،سندھ ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی سربراہ سابق وزیر تعلیم انیتا غلام علی نے طلباء اور انکے والدین سے کہا کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل معاشرے میں تعلیم وصحت کے میدان میں جو خدمات انجام دے رہا ہے ہم انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔وہ تقریباً 50، 50 طلباء میں اسکول کورس اور تعلیمی فیس کے چیک دینے کی تقریب سے خطاب کررہی تھیں۔انہوں نے والدین سے کہا کہ وہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے اس بھر پور تعاون کا فائدہ اٹھائیں اور اپنی تربیت سے بچوں میں تعلیم حاصل کرنے کا رجحان بڑھائیں۔انہوں نے کہا کہ آج کے یہ بچے مستقبل کی نامور شخصیات بنیں گے۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک اسکے عوام میں تعلیم کی شرح میں نمایاں اضافہ نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ صحت وتعلیم کے شعبے میں عظیم خدمات انجام دے رہا ہے۔انہوں نے بچوں سے کہا کہ جب وہ بڑے ہوں اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوں تو اس ادارے کی خدمات کو ہرگز نہ بھولیں بلکہ وہ اس ادارے سے اپنے بھرپور تعاون کا مظاہرہ کریں۔

سابق صوبائی وزیر تعلیم پروفیسر انیتا غلام علی نے تقریباً 16 برس قبل عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے دورے کی یاد تازہ کرتے ہوئے طلباء اور انکے والدین کو بتایا کہ ادارے کے بانی شہید انور نسیم چاندنہ کس قدر لگن اور محنت سے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کو مضبوط بنانے اور مختلف فلاحی وسماجی خدمات کے بارے میں مشاورت کیا کرتے تھے۔وہ غریب بچیوں کی شادی سمیت بھوک وافلاس میں گھرے افراد کی مدد کیلئے مختلف منصوبے بنارہے تھے۔انہوں نے کہا کل کا پودا آج کا تناور درخت بن چکا ہے اور گزشتہ سولہ سالوں میں لاکھوں افراد انکی مختلف خدمات سے فائدہ حاصل کرچکے ہیں۔انہوں نے ٹرسٹیز کو یقین دلایا کہ انہیں ہمیشہ انکا مکمل تعاون حاصل رہے گا۔

تقریب میں چیئرمین چودھری نثار احمد نے مہمان خصوصی کی آمد پر انکا شکریہ ادا کیا اور بچوں کو تلقین کی کہ وہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے اس تعاون کو بہتر طور پر سمجھیں اور دل لگا کر تعلیم حاصل کریں۔اس موقع پر جوائنٹ سکریٹری جنرل وڈائریکٹر تعلقات عامہ شکیل دہلوی اور جوائنٹ سیکریٹری فنانس وڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن انجینئر ریحان یاسین نے بھی خطاب کیا۔

#